مرکزی میڈیا آفس

بسم الله الرحمن الرحيم

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحرير HIZB UT TAHRIR

اتوار،29 شعبان، 1440ھ | 05/05/2019 | نمبر: 1440 AH/031


## پریس ریلیز

# 1440 ہجری کے مبارک ماہِ رمضان کے ہلال کی رویت کا اعلان

**﴿شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيَ أُنزِلَ فِيهِ الْقُرْآنُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَبَيِّنَاتٍ مِّنَ الْهُدَى وَالْفُرْقَانِ فَمَن شَهِدَ مِنكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ وَمَن كَانَ مَرِيضاً أَوْ عَلَى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ أَيَّامٍ أُخَرَ يُرِيدُ اللّهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلاَ يُرِيدُ بِكُمُ الْعُسْرَ وَلِتُكْمِلُواْ الْعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُواْ اللّهَ عَلَى مَا هَدَاكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ﴾**

"(روزوں کا مہینہ) رمضان کا مہینہ (ہے) جس میں قرآن (اول اول) نازل ہوا جو لوگوں کا رہنما ہے اور (جس میں) ہدایت کی کھلی نشانیاں ہیں اور (جو حق و باطل کو) الگ الگ کرنے والا ہے، تو جو کوئی تم میں سے اس مہینے میں موجود ہو چاہیئے کہ پورے مہینے کے روزے رکھے اور جو بیمار ہو یا سفر میں ہو تو دوسرے دنوں میں (رکھ کر) ان کا شمار پورا کرلے۔ اللہ تمہارے حق میں آسانی چاہتا ہے اور سختی نہیں چاہتا اور (یہ آسانی کا حکم) اس لئے (دیا گیا ہے) کہ تم روزوں کا شمار پورا کرلو اور اس احسان کے بدلے کہ اللہ نے تم کو ہدایت بخشی ہے تم اس کو بزرگی سے یاد کرو اور اس کا شکر کرو"(البقرۃ:185)۔

تمام تعریفیں اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے لیے اور درود و سلام پہنچے رسول اللہ ﷺ، ان کے اہل بیت، صحابہؓ اور اُن پر جنھوں نے آپ ﷺ کی پیروی کی، اور اسلامی عقیدے کو اپنے افکار اور احکام شریعہ کو اپنے اعمال اور فیصلوں کی بنیاد بنایا۔ البخاری نے اپنی صحیح میں محمد بن زید سے روایت کی کہ انہوں نے کہا: میں نے ابو ہریرہؓ کو یہ کہتے سنا، "رسول اللہ ﷺ، درود و سلام ہو ان پر اور ان کے اہل بیت پر، نے کہا، یا انہوں نے یہ کہا کہ ابو القاسم نے کہا:

**صوموا لِرُؤيتِهِ وأَفْطِرُوا لرؤيتِهِ فإنْ غُبِّيَ عليكم فأكْمِلُوا عِدَّةَ شعبانَ ثلاثين** "جب (رمضان کا) چاند دیکھا جائے تو روزہ شروع کر دو اور جب (شوال کا) چاند دیکھا جائے تو روزہ افطار کر دو اور اگر بادل ہوں تو شعبان کے تیس دن پورے کرو"۔

اتوار کو غروب آفتاب کے بعد یعنی پیر کی رات رمضان کے مبارک مہینے کے نئے چاند دیکھنے کی شہادتوں کی شرعی تقاضوں کے مطابق جانچ پڑتال کرنے کے بعد اس بات کا اعلان کیا جاتا ہے کہ کل بروز پیر ماہ مبارک رمضان کا پہلا دن ہے۔۔۔

یہ ماہ مقدس اس وقت آیا ہے جب ہم امت اور اس پر مسلط بد معاش حکمرانوں کے درمیان تنازعے کی شدت کو دیکھ رہے ہیں۔ یہ بد معاش حکمران اپنے استعماری آقا، کافر مغرب، کی خدمت کرنے پر کمربستہ ہیں۔ یہ الجزائر اور سوڈان میں اس بات کی پوری کوشش کر رہے ہیں کہ مغرب پر انحصار ختم نہ ہو اور امت کو اپنے رب کی شریعت کے سائے میں ایک امتِ واحدہ بننے سے روک رہے ہیں جس رب نے یہ حکم دیا ہے کہ یہ امت ایک ہو، توحید کے کلمے کو مضبوطی سے پکڑے اور Sykes–Picot (سائیکس–پیکو) منصوبے کی تمام نشانیوں کو تار تار کر دے جس نے امت کو منتشر کر رکھا ہے۔۔۔ اگرچہ افواج اور سیاست دانوں میں مغرب کی پیروی کرنے والوں نے مصر، تیونس اور دیگر علاقوں میں عرب بہار کو اس کے اصل اہداف کے حصول سے دور رکھنے میں کامیابی حاصل کی ہے، لیکن حزب التحریر پوری


ٹیلیفون/فیکس 009611307594 موبائل: 0096171724043 :

حزب التحریر آفیشل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.org ای میل media@hizb-ut-tahrir.info :

حزب التحریر میڈیا آفس ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.info

اسلامی امت سے درخواست اور التجاء کرتی ہے کہ وہ اِس عظیم موقف کو اختیار کریں جو ان کے رب کو راضی کرنے والا ہے اور ان کے گناہوں کو دھونے والا ہے، اور ان کے خلاف ہونے والی زبردست سازشوں کو ختم کرنے والا ہے، یہ وہ موقف ہے جو بے عزتی کا خاتمہ کرنے والا ہے اور عزت کو تمام علاقوں میں بحال کرنے والا ہے۔

ہم پہلے بھی کئی بار یہ کہہ چکے ہیں کہ کامیابی حکومت کو گرانے کے بعد اس متبادل نظام کے قیام کے بعد ہی ملے گی جس سے اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی خوشنودی حاصل ہوتی ہے، ورنہ ایسی جدوجہد اور انقلاب کا کوئی فائدہ نہیں جو ہمیں اُسی مقام پر لے آئے جہاں سے ہم چلے تھے یعنی ایک ایسی حکومت آجائے جو کچھ نئے اور پرانے چہروں کے ساتھ پرانی حکومت کا ہی تسلسل ہو۔ ہم مسلمانوں سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ اپنے باوضو ہاتھوں سے حزب التحریر کے ہاتھ کو تھام لیں جو سیاسی وفکری جدوجہد کرتی ہے، چالاک مغرب کی سازشوں کو بے نقاب کرتی ہے اور آپ کو اسلام کی سچی راہ سے آگاہی فراہم کرتی ہے۔ ہو سکتا ہے کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ آپ کے ہاتھوں سے نبوت کے طریقے پر خلافت کے قیام کی شکل میں کامیابی عطا فرمائے۔ اور ہو سکتا ہے کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ حزب التحریر کے امیر، مشہور فقیہ، عطا بن خلیل ابوالرشتہ کے ہاتھوں عظیم الشان کامیابی عطا فرمائے اور آپ انہیں خلیفہ کی حیثیت سے بیعت دیں کہ وہ آپ پر اللہ کی کتاب اور رسول اللہ ﷺ کی سنت کے مطابق حکمرانی کریں، اور آپ اللہ کی شریعت کے سائے میں زندگی گزاریں اور اسلام کی دعوت کو پورے دنیا تک لے جائیں جو کہ پوری انسانیت کے لیے ہدایت ورہنمائی ہے۔

**اے مسلم افواج کے افسران!**

یہ جان لو کہ اللہ اس دین کو کامیابی عطا فرمائے گے، اور اگر اس کام کے لیے آپ آگے نہیں بڑھیں گے تو اللہ سبحانہ وتعالیٰ دوسرے مخلص انسانوں کو چُن لے گا جنہیں وہ اس عزت سے نوازنا چاہے گا اور ان کے ہاتھوں اس دین کو کامیابی عطا فرمائے گا، لہٰذا اس عظیم عزت کے حصول کو اپنے ہاتھ سے جانے نہ دیں اور اللہ سبحانہ و تعالیٰ کی رضا اور دنیا و آخرت کی کامیابی کے لیے اپنی امت کا ساتھ دیں۔

یہ میری خوش نصیبی ہے کہ میں اپنی جانب سے، حزب التحریر کے مرکزی میڈیا آفس کے سربراہ کی جانب سے اور ان تمام لوگوں کی جانب سے جو امیر حزب التحریر، مشہور فقیہ عطا بن خلیل ابوالرشتہ کی قیادت میں کام کرتے ہیں، تمام مسلمانوں کو اس ماہ مقدس کی مبارک باد پیش کرتا ہوں اور اللہ سے دعا کرتا ہوں کہ ہمیں اس رحم، اور مغفرت کے مہینے میں جہنم کی آگ سے نجات کا پروانہ عطا فرمائیں، اور ہم اللہ سبحانہ وتعالیٰ سے دعا کرتے ہیں کہ ہمیں لیلۃ القدر نصیب فرمائے اور اس کی نعمتوں سے سرفراز فرمائے۔۔۔

اے اللہ، جو زمین و آسمان کا مالک ہے، نبوت کے طریقے پر قائم ہونے والی دوسری خلافت کے پہلے خلیفہ کو ہمیں جلد از جلد بیعت دینے کی سعادت نصیب فرما۔۔۔ **اللهم آمين آمين آمين**

**والسلام عليكم ورحمة الله وبركاته**

پیر کی رات، یکم رمضان المبارک، 1440 ہجری

**صلاح الدین عضاضة**

**ڈائریکٹر مرکزی میڈیا آفس حزب التحریر**